اتفاق آئرن انڈسٹریز لمیٹڈ

ڈائریکٹران کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(4) کے تحت نوٹس

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(4) کی پیروی میں اراکین کو یہاں مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(1) کی پیروی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) مقرر کی ہے۔

مندرجہ ذیل افراد نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(3) کے تحت مقررہ وقت میں اتفاق آئرن انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے بروز پیر مؤرخہ 26 اکتوبر 2026ء کو دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 40-B-II گلبرگ-III لاہور میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام (AGM) میں کمپنی کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے اپنے انتخاب کی پیشکش کا نوٹس کمپنی کو جمع کرایا ہے۔

1. میاں محمد پرویز شفیع
2. شہزاد جاوید
3. خرم جمیل
4. محمد مبشر اقبال
5. طیب علی
6. وجیہہ شہزاد
7. ثوبیہ ارشاد

چونکہ الیکشن کے لئے اپنی پیشکش جمع کرانے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(1) کے تحت بورڈ کی جانب سے ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد سے زیادہ نہیں لہٰذا مذکورہ بالا 7 افراد کو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(4) کے تحت آئندہ AGM میں کمپنی کے ڈائریکٹرز حیثیت سے منتخب شمار کیا جائے گا۔ جو 26 اکتوبر 2026ء سے آئندہ تین (3) برس کی مدت کے لئے عہدہ سنبھالیں گے۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166 کے تقاضوں اور اس کے تحت جاری ضوابط کی پیروی میں تجربہ، صلاحیت، تنوع، مہارت اور علم کو مدنظر رکھتے ہوئے خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا افراد کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

بحکم بورڈ

ڈاکٹر سید سکندر علی شاہ

کمپنی سیکریٹری

TENDER NOTICE NO.